OURDOU / URDU

کورونا وائرس کی بیماری (کووڈ-19)

زمینی ، فضائی یا پانیکے راستےسے کینیڈا میں سے داخل ہونے والے مسافروں کے لئے جنہیں مکمل طور پر ویکسینز لگ چکی ہیں اورجنہیں کووڈ-19 کی علامات نہیں ہیں,لازمی تقاضے ۔

حکومتکینیڈاکےسرحدیاقدامات
حکومت کینیڈا نے *قرنطین کے قانون (Quarantine Act)* کے تحت کینیڈا کے اندرکووڈ-19 اور اس کی متبادل شکلوں (ویرینٹس)کے داخلے اور پھیلاؤ کو کم کرنے کے لئے ہنگامی اقدامات لئے ہیں.اگرچہ آپ کو مکمل ویکسین لگوائی گئی ہیں، لیکن پھر بھی آپ کو کووڈ-19 سے متاثر ہونے کا، اور دوسروں میں وائرس پھیلانے کا خطرہ ہوسکتا ہے . دوسروں کو محفوظ رکھنے میں مدد کے لئے آپ کو *کینیڈا میں کووڈ-19 سے سامنا کے خطرے کو کم سے کم کرنے کے* حکمنامے*(منی مائزنگ دا رسک آف ایکسپوژر ٹو کووڈ-19ان کینیڈا آرڈر)(قرنطینہ، تنہائی اختیار کرنا (آئیسولیشن) اور دیگر واجبات))*کی طلب کے تحت بتائے گئے اقدامات کو مان کر چلنا ضروری ہے. اگر وہ ذیل میں درج کئے ہوئے اقدامات کی تعمیل کریں تو، مکمل طور پر ویکسین حاصل شدہ مسافروں کے لئے، جنہیں علامات نہیں ہیں، کینیڈا میں داخل ہونے کے وقت قرنطین اختیار کرنے کی ضرورت نہیں ہے.مکمل طور پر ویکسین حاصہ شدہ ہونے کا مطلب ہے کہ کینیڈا میں داخل ہونے سے کم از کم 14 دن قبل حکومت کینیڈا کی طرف سے قبول شدہ ویکسین کی مکمل سیریز، یا ویکسینز کی مرکب (کامبینیشن) حاصل ہونا۔ ہر بار جب آپ کینیڈا میں داخل ہوں گے تب آپ کی ویکسین لگوانے کی حیثیت کی تصدیق کی جائے گی۔ اگر آپ لازمی اندازی انتخاب سے کیئے جانے والے ٹیسٹنگ پروگرام (Mandatory Randomized Testing program) کے ذریعے ٹیسٹ کے لیے تصادفی (اندازی) طور پر منتخب ہوتے ہیں تو، آپ کو کینیڈا پہنچنے کے دن ایککووڈ-19مالیکیولر ٹیسٹ مکمل کرنا ہوگا(زمینی اور فضائی سفر کرنے والوں کے لیے) ۔

اگر آپ لازمی اندازی انتخاب سے کیئے جانے والے ٹیسٹنگ پروگرام (Mandatory Randomized Testing program) کے ذریعے ٹیسٹ کے لیے تصادفی (اندازی) طور پر منتخب ہوئے ہیں تو، آپ پر لازم ہے کہ:
• جس دن آپ کینیڈا پہنچتے ہیں اس دن **ہدایات کے مطابقکووڈ-19کا مالیکیولر ٹیسٹ کروائیں.** ○ آپ کو یا توپہنچنے کے مقام پر ٹیسٹ کیا جا سکتا ہے یا سیلف سواب کٹ (self-swab kit)موصول ہو سکتی ہے۔ آپ کو اپنی آمد کا ٹیسٹ (ارائیول ٹیسٹ) مکمل کرنے کے لیے پہنچنے پر ملنے والی ہدایات پر عمل کرنا چاہیے.اگر آپ کو سیلف سواب کٹ (self-swab kit)موصول ہوتی ہے تو، آپ کو کینیڈا میں داخل ہونے کے 24 گھنٹے کے اندر پروسیسنگ کے لیے اپنا نمونہ حاصل کرنے کا کام مکمل کرکے جمع کرانا ہوگا ۔ • **اگر آپ کو ٹیسٹ کا مثبت نتیجہ ملتا ہے یا آپ کوکووڈ-19 کی علامات ہونی شروع ہوتی ہیں تو لازمی طور پر آپ کو فوراً مناسب پبلک ہیلتھ اتھارٹی سے رابطہ کرنا ہوگا جیسا کہ پچھلے حصے میں بیان کیا گیا ہے، اور ان کے ہدایات کی پیروی کرنا ہوگا، بشمول تنہائی (آئسولیشن) اختیار کرنے کے.** فوری طور پر آپ کو کینیڈا کی پبلک ہیلتھ ایجنسی (PHAC) کو 1-833-641-0343پر کال کرکے اپنے مثبت ٹیسٹ کے نتائج **یا علامات**کی بھی اطلاع دینی چاہیے ۔ • **اگر آپ کو ٹیسٹ کا نتیجہ غیر طے شدہ یا ناقصملتا ہے تو،** آپ کو دوبارہٹیسٹ کروانے کی ضرورت ہوگی.اپنے ٹیسٹ کا نتیجہ ملنے کے 24 گھنٹوں کے اندر ایک اور سیلف سواب کٹ (self-swab kit) مکمل کرنے کا انتظام کرنے کے لئےبراہ کرم اپنے ٹیسٹنگ کے فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔ • **اگر آپ کو ٹیسٹ کا منفی نتیجہ ملتا ہے،** تو عمومی طور پر اس کا مطلب ہوتا ہے کہ آپ کو کووڈ-19 نہیں ہے، لیکن اگر آپ کووڈ-19 سے متاثر ہو چکے ہوں تو ٹیسٹ کا منفی نتیجہ ملنا ممکن ہے، مثال کے طور پر، علامات ظاہر ہونے سے پہلے۔ • اگر آپ کو 4 دن کے بعد اپنا ٹیسٹ کا نتیجہ نہیں ملتا ہے تو براہ کرم اپنے ٹیسٹنگ کے فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔

آپ کی آمد کے 14 دن بعد تک کے لئے

• ہر شخص کا جس کے ساتھ آپ کا قریبی رابطہ ہوا تھا، اور اس عرصے میں جن مقامات کا آپ نے دورہ کیا تھا، **ان کے نام اور رابطے سے متعلق معلومات کی فہرست بنا کر برقرار رکھیں .**
• اگر آپ عوامی جگہ پر موجود ہیں تو، کووڈ-19داخل کرنے یا اسے پھیلانے کے خطرے کو کم کرنے کے لئے **ایک اچھی طرح سے تعمیر شدہ، اچھی طرح سے فٹ ہونے والا ماسک پہنیں۔**
• **اپنی کووڈ-19کا آمد سے پہلے والا (پری ارائیول) اور آمد کے وقت(آن ارئول) کروائے گئےٹیسٹ کے نتائج کی ایک کاپی اور ویکسین لگوانے کا ثبوتسنبھال کر رکھیں۔**
• آپ کو ارائوکین (ArriveCAN)سے اطلاعات حاصلہوسکتے ہیں؛تاہم، آپ کو رپورٹس بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے۔
• **اگر کینیڈا میں داخلے کے14 دنوں کے اندر آپ کا کووڈ- 19 ٹیسٹ مثبت آتا ہے یا آپ کو کووڈ-19کی علامات درپیش ہوتی ہیں تو، ضروری ہے کہ آپ فوراً:**
  ○ **پچھلےحصےمیںبیانکردہ مناسب پبلکہیلتھاتھارٹیسےرابطہکریں، اور ان کیہدایات، بشمول تنہائی (آئسولیشن) اختیارکرنے ، پر عمل کریںاور**
  ○ **1-833-641-0343 پرکال کرکے پی ایچ اے سی(PHAC)کو اس کی اطلاع دیں**

انتباہ:ان شرائط کے ساتھ آپ کی تعمیل،مانیٹرنگ، تصدیق اور نفاذ سے مشروط ہے۔ اگر آپ تعمیل نہ کریں تو ممکن ہے کہ آپ کو قرنطین سے مستثنیٰ نہ کیا جائے۔ آپ کو کسی قرنطینہ کی سہولت گاہ میں منتقلی، جرمانوں، ٹکٹوں اور/ یا قید کی سزا کا سامنا بھی ہوسکتا ہے۔	

علامات پر نظر رکھیں (مانیٹرکریں)
اپنی آمد کے بعد کم از کم 14 دن تک علامات کو مانیٹر کریں۔ اگر آپ کو کووڈ-19 کی علامات شروع ہوتی ہیں تو، تو ضروری ہے کہ آپ فوراً: • ذیلمیں درج کیگئی مناسب پبلکہیلتھاتھارٹیسےرابطہکریں، **اور ان** کیہدایاتپر، بشمول تنہائی (آئسولیشن) اختیارکرنےپر عمل کریں، اور • 1-833-641-0343 پرکال کرکے فوری طور پر پی ایچ اے سی(PHAC) کو اطلاع دیں۔ کووڈ-19کی عام علامات اور آثارمیں شامل ہیں: • نئی یا بگڑتی ہوئی کھانسی • سانس کی قلّت/سانس لینے میں دشواری • پٹھوں یا جسم میں درد، تھکاوٹ ، کمزوری • بہت بیمار محسوس کرنا • نئے طور پر سونگھنے کے یا ذائقے کے حس میں کمی • بخار کی طرح محسوس ہونا، کپکپی محسوس کرنا یا 38°C کے برابر یا اس سے زیادہ بخار • جلد میں تبدیلی یا خراشیں (بچّوں میں) • جیسے پیٹ میں درد، اسہال یا قے ہونا • سر درد

پبلک ہیلتھ اتھارٹیز

صوبے اور علاقہجات	ٹیلیفوننمبر	ویبسائٹ
برٹشکولمبیا	811	www.bccdc.ca/covid19
البرٹا	811	www.myhealth.alberta.ca
ساسکچیوان	811	www.saskhealthauthority.ca
مانیٹوبا	1-866-626-4862	https://manitoba.ca/covid19/restartmb/prs/orders/index.html#current https://www.youtube.com/user/ManitobaGovernment
اونٹاریو	1-866-797-0000	www.ontario.ca/coronavirus
کیوبیک	1-877-644-4545	www.quebec.ca/en/coronavirus
نیو برنزویک	811	www.gnb.ca/publichealth
نووا اسکوشیا	811	www.novascotia.ca/coronavirus/
پرنس ایڈورڈ آئلینڈ	811	www.princeedwardisland.ca/covid19
نیوفاؤنڈلینڈا اینڈ لیبراڈور	811 یا 1-888-709-2929	www.gov.nl.ca/covid-19
نناوت	1-867-975-5772	www.gov.nu.ca/health
شمال مغربی علاقہ جات	811	www.gov.nt.ca/covid-19/
یوکون	811	www.yukon.ca/covid-19

مزید معلومات کےلئے:

Canada.ca/coronavirus1-833-784-4397

2021-08-09 :تاریخ/ID 04-38-H-1